PK
2199
Q343
1900

PURCHASED FOR THE

UNIVERSITY OF TORONTO LIBRARY

FROM THE

CANADA COUNCIL SPECIAL GRANT

FOR

ISLAMIC STUDIES

Digitized by the Internet Archive
in 2007 with funding from
Microsoft Corporation

http://www.archive.org/details/qamqamalislam00abduuoft

جو مومن ہین اُسکو وہ دیکھین تمام	کہ شیرو نکو رہتا ہی شیرو نسے کام	پڑھین گے جو مومن اسے شوق سے	تو اس سے وہ خالق انھین نفع دے
کلامی ادا کر تو شکر خدا	کہ پورا ہوا قصہ بہنسا	اور اللہ سے اپنے کر التجا	طفیل پیمبر کریگا عطا
الٰہی طفیل رسولِ انام	خطائین مری بخشدے اب تمام	ترے فضل سے ہی یہ مجھکو امید	کہ محشر مین چہرہ ہو میرا سفید
مجھے دین و دنیا مین رکھ سرخرو	الٰہی یہی ہے مری آرزو	محبت سے اپنی مجھے شاد رکھ	اعزا کو بھی میرے آباد رکھ
دیا تو نے جو مجھکو اور اب جو دے	عطا کر تو ہی اُسمین برکت مجھے	تمنا مرے دل کی بر لا تمام	بجاہ جناب رسولِ انام
اور اس نظم کو دے تو عز قبول	بحق رسول و علیؓ و بتولؑ	رہے اُمتِ احمدی پر کرم	رہین شاد و خوش کچھ نہو انکو غم
رہین دشمنون پر سدا چیرہ جنگ	رہین دین و دنیا مین با نام و ننگ	تمنا ہے مومن جو اُسکو پڑھین	تو آمین آمین اسیر کہین
	ہوئی اسکی تاریخ یون عیسوی	یہ جھنکار ہے تیغ اسلام کی ۱۸۹۹ء مطابق ۱۳۱۶ھ	

قطعہ تاریخ اتمام کتاب ہٰذا از شاعر شیوا بیان منشی سید ابو الحسن صاحب حسن تخلص خلف الرشید مولوی حافظ سید ابو القاسم صاحب شہید تخلص ملازم ریاست ٹونک

مرے باپ بھائی چچا زاد نے حسن کو ہوئی فکر تاریخ جب	کہ حد سے فزون جنکی تعریف ہے تھا دل نے کیا اسمین تسویف ہے	کیا جنگ بہنسا کو نظم اسطرح پئے سال قلب عدو کو نکال	کہ ہر شعر مین رعب و تخویف ہے شہید اور کلامی کی تصنیف ہے ۱۳۱۷

ایضاً از سخنور نازک خیال سہیم ظہوری و زلالی مولوی حکیم سید فخر الدین صاحب خیالی تخلص وطن رائے بریلی دائرہ شاہ علم اللہ قدس سرہ شاگرد منشی انوار اللہ صاحب تسلیم تلامذہ نسیم دہلوی

ہے سحر فصاحت کلامی کسکا یہ جگر کہان یہ فکرین	ناظم وہ جو نظم کر کے دکھلائے پُر گوئی مین یہ مزے کہان پائے لکھ از دل شوق اے خیالی	رزم او ہزار دن داستانین ہے فکر شہید نصف بہنسا تصنیف و شاعر بیان نرالے ۱۹۰۱	اور لطف یہ لطف نظم ہاتھ آئے باقی ہے انھین کی فکرت و رائے

خاتمۃ الطبع از جانب کارپردازن مطبع

خدائے کریم کا ہزار ہزار شکر و سپاس کہ ان ایام برکت انضمام مین ہر دل عزیز خاص و عام اعنی کتاب صداقت التیام متضمن حالات مغازی غازیان اسلام موسوم بہ صمصام الاسلام و مسمّٰی بہ اسم تاریخی غزوۂ صعیب بہنسا نتیجہ طبع گہربار و چکیدۂ کلک فصاحت نگار شاعر نامی یعنی حضرت جناب بلاغت مآب مشہور آفاق سید عبد الرزاق صاحب متخلص بہ کلامی مدظلہ مصنف صمصام الاسلام مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین بعالی ہمتی آقائے نامدار جناب منشی پراگ نراین صاحب دام اقبالہ مالک مطبع موصوف ۱۳۱۷ھ مطابق ۱۹۰۱ عیسوی مین زیور طبع سے ہر ہفت ہو کر رونق محافل مشتاقان و حمائل گلوے مسلمانان ہوئی

اشتہار

چونکہ جملہ حقوق اسکے از جانب مصنف صاحب ممدوح بذریعہ بیع عوض زر نقد بنام مطبع منشی نولکشور منتقل ہوے ہین لہذا کوئی صاحب قصد طبع اس کتاب کا نہ فرمائین

اوراک قبۂ نور ہی پر ضیا
مرصع لباس اُنکا ہی سربسر
وہ بیتاب ہو جو انھین دیکھلے
یہ رتبہ ہوا مجھکو کیونکر نصیب
کہ ہمسایہ مین اُنکے اترا ہوئین
بلا سے نہ کیونکر بچائین اُسے
کہ اللہ سے کی مرے واسطے
کیا فضل سے اپنے مجھکو عطا
بحق صحابہ و آل نبیؑ
بیان کرتے تھے خود وہ مرد خدا
گیا اتفاقاً مین ایک سال
سوار اشہبو نپر بطرز نکو
کہ گر حسن اونکا کہین دیکھ پائین
اُنھین نے کیا مجھکو پہلے سلام
تو ہم تیرے ملنے کو خود آئے اب
کہا بہنسا مین ہوے ہین شہید
گئے بہنسا سے تھے ہم روم مین
کہا مین نے کس جا پہ مدفون ہو
تمھے اہل عرفانسے حق نے کیا
کہ ہو اپنے زائر کو پہچانتے
تو مجھسے وہ ارشاد کرنے لگے
کھلاتا پلاتا ہی اُسکو آلہ
اُٹھا خواب سے اور دلمین مرے
سدا اُسپہ رحمت ہو غفار کی
جناب پیمبرؐ کے اصحاب ہین
سوا اُنکے حضرت کے اصحاب سے
رکھے اُنکی جانب سے جو بغض و کین
سنو واقدیِ صداقت نویس
عجائب غرائب حکایات ہین

اسی مین بشرت ہی جلوہ فزا
کہ بس چوندھیا جائے جس سے نظر
حسین تھے وہ ایسے کہ دیکھے نہ تھے
مین ہون سخت حیران تبا ای حبیب
کہ مہمانکو اپنے بچاتے وہ ہین
نہ کیون پاس اپنے بسائین اُسے
دعا یہ انھون نے اسے بخشدے
یہ سب کچھ کہ تو ہی اسے دیکھتا
گنہ بخشدے اور خطائین مری
کہ ہر سال جاتا تھا مین بہنسا
زیارت کو اُنکی رہا پر ملال
بہت خوش لباس اور پاکیزہ رو
تو بیشک مہ و مہر شرما ہی جائین
ہوے اسطرح مجھسے پھر ہمکلام
مین یون عرض کرنے لگا باادب
براہ خدائے حمید و مجید
کہ وان سو سونکی اعانت کرین
کہا ہین جبانہ مین ای نیک خو
یہ ہی شکر اور شاد ہو نیکی جا
خوشا بخت یا ور ہین طالع مرے
کہ شاید نہین جانتا تو اسے
کہ قرآن اقدس ہی اسکا گواہ
لگی آگ تھی سوزش شوق سے
کرے جو زیارت ان ابرار کی
یہ عشاق اُنکے اور احباب ہین
تھے بے شبہ و شک جان نثاران رب
ہوا دوزخی دوزخی وہ لعین
صحابہ کا جو ہی حکایت نویس
لکھی اسمین سچ سچ روایات ہین

ہین گرد اُسکے وہ لوگ صاحب جمال
لٹکتی ہوئین اُنکی تیغین تمام
ادب سے سلام اُنکو مین نے کیا
کہ تو زندگی بھر گنہ گار تھا
جہا مین زخواری و ذلت سدا
ہمیشہ کیے مین نے جرم و گناہ
کیا مجھپہ خالق نے فضل و کرم
الٰہی بحق جناب رسول
روایت ہی ذوالنون مصری سے اور
کہ اُسکے فضائل سے واقف تھا مین
تو ناگاہ اک رات دیکھا یہ خواب
نہایت حسین اور صاحب جمال
لیے سبز ہاتھو نمین اپنے علم
ہمین تو نے ذوالنون گھبرا دیا
کہ تم کون ہو اور ہی نام کیا
صحابہ ہین ہم سرور پاک کے
پلٹ کر ادھر آتے ای باوفا
بہت ہم پہ ثابت ہین تیرے حقوق
کہا پیشوا ہوئین اب آونگا
گمان بھی نہ کرتا تھا زنہار مین
کہ جو راہ حق مین ہوا ہی شہید
یہ ارشاد کرکے روانہ ہوے
ہوا تیغ فرقت سے سینہ فگار
کہ سادات و اخیار و ابرار ہین
مئے عشق احمدؐ سے مخمور ہین
یہ رتبے ہین اُنکے کہ اُنکو خدا
اور اللہ کی رحمت سے محروم ہی
یہ کہتا ہی مین نے لکھی یہ کتاب
بڑی قدر اسکی بڑی شان ہی

جنھین بدر دیکھے تو ہو بس نڈھال
بصد شان و شوکت بصد احتشام
اور اس سے یہ حیران ہو کر کہا
کہا اُسنے تجھکو تعجب ہی کیا
تو عقبے مین وہ بندگانِ خدا
مگر یہ ہوا مجھپہ فضل آلہ
گنہ عفو میرے ہوے یک قلم
بحق علی و بحق بتول
سنو دوستون اُسکو ہی جائے غور
کہ اُس مین ثواب اور بڑے اجر ہین
کہ کتنے جوان مرد با جاہ و آب
عیان سب کے چہرونسے جاہ و جلال
قریب آئے میرے وہ عالی ہمم
کہ امسال آکر نہ ہم سے ملا
بتاؤ مجھے مین نہین جانتا
حبیب خدا شاہ لولاک کے
نہ آنے کا امسال باعث ہی کیا
کہ آتا ہی با صد امید و وثوق
یہ معلوم زنہار مجھکو نہ تھا
کہ عزت مری یہ ہی درجے یہ ہین
وہ زندہ ہی نزد خدائے مجید
مجھے آہ تنہا پڑا چھوڑ کے
کہ روتا رہا رات بھر زار زار
مئے وصل خالق سے سرشار ہین
ازل سے یہ نورؐ علی نور ہین
ہی قرآن مین خیر الامم کہہ چکا
دو عالم مین مردود و مذموم ہی
شریعت طریقت کی لب لباب
وہ دیکھے اسے جسکو ایمان سے

یہ کہتا ہی راوی قریشی تمام
محلہ جدا ہر قبیلہ کا تھا
تھے اہل علم کے سوا چل ہزار
قریشی لکل وانسے اکثر گئے
مع اپنے بھائی کے اور کی بنا
ہمیشہ رہے اسمین وہ نامور
کہ اصحاب شاہنشہ دوجہان
زیارت سے ہوتا ہی اُسکی ثواب
سری سقطیؒ اور ابن دینارؒ بھی
گئے اور بہت فیض حاصل کیے
لکھا ہی عمرو عاص نے یون کہا
سوا مصر کے اور برکت وہان
کہ ہی جانب غرب ارشاد جو
مبارک نہین بہنسا سے سوا
جدا جسم سے کرکے فوراً لباس
کہ اللہ کی مین اسکا غبار
یہ کہتے کہ ہی مفتخر یہ زمین
حسن ابن صالح رہی جب وہان
کہا واہ کیونکر نہ لو نین وہ جا
کہ مدفون اسمین وہ اصحاب ہین
اور اُسمین تھے حاکم بفرمہی
جو پہونچے جانہ پہ دونون امیر
لگے اُنکو یون عرض کرنے سلام
کہ ہر روز یان رحمتین بے شمار
جو زائر ہو اسکا بجب وولا
یہانتک کہ اُسمین ہی وہ مرگئے
بہت نیک اور صادق القول تھا
رہا مبتلائے گنہ عمر بھر
کہ رویا مین مجھکو یہ آیا نظر

اور اشراف اعراب با احتشام
غرض کفر بالکل زبون ہوگیا
کہ تھے چار سو باغبان در شمار
بہت اُسکے ویران محلے ہوے
بڑی مسجد جامع با صفا
جہانسے اُنھون نے کیا پھر سفر
ہوئے خمس آلاف مین دفن وان
جو منکر ہو اس سے ہی خانہ خراب
کہ مالک وہ ہین اور محب قوی
جو ہو اہل باطن وہ جانے اسے
کہ فرماتے تھے یون رسول خدا
سوے غربی مصر ہی بیگمان
مگر بہنسا ہی مراد اُس سے ہو
کہ ہین دفن خاصان رب العلیٰ
وہین ریت پر لوٹنے بے ہراس
اُڑا ہی یہی ہی اسے افتخار
ملی اُنکے جسمونسے ہی بالیقین
کسینے کہا اُنسے ای کامران
رہے جسمین علیسے رسول خدا
کہ محبوب مولا کے احباب ہین
جوان مرد عبد اللہؓ جعفری
پیادہ ہوے باخلوص کثیر
تم احیائے دارین ہو بالتمام
اترتی ہین از حضرت کردگار
تو ہوا سپہ غفران و فضل خدا
گئے ظل رحمت مین اللہ کے
اور اُسمین ہی رہتا تھا وہ باصفا
گیا دار فانی سے جب وہ گذر
وہی شخص تھے جسکی حالت تبر

رہے جہت غربی مین باصد طرب
وہ اول بھی آباد تھا اسقدر
بنی ہاشم و بن امیہ مین جب
اور اعراب اکثر رہے بے سخن
بہت حجرے اُسمین تھے اور اُس سوا
یہ کہتا ہی یان راوی نیک پی
اور اصحاب حضرت جو اُسپر لڑے
کہ اُسکی زیارت کو باصد ولا
شعیبؒ اور ابو مدین پارسا
جو تھے فضلؒ عباس عالی مکان
بس طور و حرمین اور ایلیا
عمروؓ نے یہ کی آپ اسکی شرح
یہ فرماتے تھے سید الساجدین
وہان جبکہ جاتے علیؓ نوری
اور اسطرح کہتے تھے وہ نیک خو
اور اُنکے سوا ابو علی دقاق
بہا جنکی پیشانیونسے ہی عرق
کہو کس لیے تم یہان آرہے
اترتی ہین اسکے جبانہ پہ روز
جو عبد اللہ حاکم ہوئے مصر پر
چلے اُنکے لینے کو باذوق و شوق
کہ ہین دفن اسمین صحابہ شہید
یہ عبد اللہ لوگونسے کہنے لگے
جو ہو دفن اس مین وہ ہو جنتی
پیادہ وہ ہر روز آتے وہان
یہ کہتا ہی یان راوی خوش کلام
حکایت یہ کی اُسنے مجھسے بیان
کیا دفن اُسکو اُنھین کے قریب
کہ ہی شاد تاج جواہر رکھے

شریفوں کا گھر اُسکو کہتے ہین سب
کہ اُسکی رعایا سب اور پیشہ ور
ہوئی جنگ باہم بشور و شغف
یہانتک کہ آئے جب اُسمین حسن
بنائی اُنھون نے وہان اک سرا
فضیلت بڑی بہنسا کی یہ ہی
تو بدری بھی ہفتاد تن اُسمین تھے
عراق اور مغرب سے یہ اولیا
اور اُنکے سوا اور بھی اصفیا
زیارت کو وہ بھی گئے تھے وہان
نہین ہی مبارک زمین اور جا
بصد انبساط و سرور و فرح
سوے قبلہ از مصر کوئی زمین
پہونچکر جبانہ پہ باصد خوشی
زہے بخت اس خاک کے دوستو
جبانہ پہ آکر بصد اشتیاق
رہ حق مین اور وہ ہوے اُسمین غرق
بلا داور سب چھوڑ تمنے دیئے
بہت برکتین ہی یہ جا دلفروز
گئے اُسمین باسوز و درد جگر
ملے شاد ہوکر بڑھا اور ذوق
رضامند ہی جن سے رب مجید
شرافت ہی اس سرزمین کیلیے
کہ خالق کی رحمت نہین منتہی
زیارت کو اصحاب کی بیگمان
کہ ابن ظہیر عبد رحمٰن نام
پڑوسی تھا اک شخص میرا وہان
گنہ گار سے خوب جاگے نصیب
لباس اُسکا ہی سندس سبز سے

غنیمت کو تقسیم جب کر چکے / گئے قصر دولت مین مجکو لیے
وہان امّ کلثوم بنت امام / سعادت فزا تھین بصد احترام
اور اسمین تھا اک فرش چرمی بچھا / بھرے لیف خرما تھے وہ نرم تھا
رکھے اسپہ دو تکیے تھے صوف کے / بچھی ایک کملی بھی تھی نیک پے
گیا بیٹھ جھٹ مین اسی پر وہان / تو بی بی سے حضرت ہوے تر زبان
کہ بھیجو مجھے ہون چھہارے اگر / دیا انکو پاسخ نہین ہین مگر
مہی ہی تو حضرت یہ کہنے لگے / کہ ہی وہ خصوصاً مرے واسطے
مگر آسئے ہین اب یہ مہمان دو / انھین کچھ تو اسوقت کھانیکو دو
تو اندر سے بی بی نے ہمکو دیا / وہین ایک برتن کہ گھی اسمین تھا
چپاتی بھی دین اور بھیجا عسل / کہ کھانے لگے ہم اسے بے خلل
دیا مین نے انکو بھی پھر اسمین سے / کہ جو لوگ آئے مرے ساتھ تھے
ازان بعد مین عرض کرنے لگا / یہ تشریح سب حال بطلوس کا
ہنسے اور کہنے لگے یون حضور / کہ بطلوس تھا عقل و دانش سے دور
شہیدونکے پھر مین نے لیلیکے نام / کہا ماجرائے شہادت تمام
تو حضرت اسے سنکے رونے لگے / ہمیشہ خدا انسے راضی رہے
مرخص ہوے انسے پھر ہم اٹھے / جناب پیمبر کی مسجد گئے
کیے عرض ہمنے درود و سلام / بشوق نیاز و خلوص تمام
سلام ای جہاندار دنیا و دین / سلام ای حبیب خدائے برین
سلام ای حبیب مدینی لقب / سلام ای رسول قریشی نسب
سلام ای دوائے دل دردمند / سلام ای پناہ نشیب و بلند
سلام ای شفیع الوری والسلام / سلام ای شہ انبیا والسلام
ملے ہم سے پھر مومن نیک خو / سنین تا قریبونکے احوال کو
شہیدونکی تفصیل پھر ہمنے سب / بیان انسے کردی برنج و تعب
تو جنکے اعزا ہوے تھے شہید / لگے رونے وہ مومنان سعید
مدینہ مین ہر سمت غل مچ گیا / ہوے سخت گریان وہ اہل صفا
ادا تعزیت کرتے تھے مومنان / خصوصاً عقیلؓ و علیؓ کے بیان
غرض ہم مدینہ مین کل سات روز / رہے شادمان اور بہجت فروز
خلافت سے ہمکو جو فرمان ملا / ہوے جانب مصر ہم رہگرا
لکھا تھا وہ فرمان نصرت مزید / بنام سپہدار خالدؓ ولید
کہ سوے صعید اب چلے جاؤ تم / کہ اس ملک پر بھی ظفر پاؤ تم
یہ فرمان عالی جو پہونچا انھین / تو مسلمؓ کو حاکم کیا شہر مین
دیا چھوڑ سب کو لیے دو ہزار / سواران جنگ آور و نامدار
روانہ ہوے سمت ملک سعید / کہ ہو ہمسے راضی خدائے مجید

کیفیت حکام بہنسا بزمانۂ خلفا و ذکر فضائل بہنسا بہ برکت مقابر شہدا

یہ کہتا ہے راوی کہ مسلمؓ دلیر / رہے مدتون بہنسا پر امیر
خلافت مین عثمانؓ عفان کی / معطل ہوے وہ امیر جری
گیا ابن جعفرؓ کو فرمان روا / کہ ہے نام انکا محمد لکھا
صفت کس زبان سے ہو عثمانؓ کی / کہ ہین وہ حبیب خدا و نبی
وہی جامع وحی قرآن ہوئے / صحابہ مین ذیجاہ و ذی شان ہوے
خدا سے جدا وہ نہ انسے خدا / خدا پر ہوے مال و جان سے فدا
جو انسے پھرا بس وہ ملعون ہوا / نہین اسمین کچھ جاے چون و چرا
ٹھکانہ نہین اسکا دارین مین / دو عالم کی حاصل ہے شاہی انھین
سنو شاہ سے بغض و کین جو رکھے / نہ وہ ملک مین اسکے پھر رہ سکے
رہا بھی اگر تو رہے گا ذلیل / کہ سمجھینگے اسکو وہان سب رذیل
یہی حال انکے مخالف کا ہے / کہ عقبی مین بے قدر ہو کر رہے
نہ ہمدم ہو اسکا نہ یاور کوئی / کرے گھر سے باہر اسے ہر کوئی
مدینے مین مسلمؓ پھر آنے چلے / وہان چھوڑ اپنے قبائل دیے
مدینہ مین یہانتک رہی یہ سعید / کہ کوفہ بحکم امام شہید
گئے اور وہین خدا سے ملے / ہمیشہ خدا انسے راضی رہے
غرض اسپہ فرمانروا وہ جری / رہے تابعہد جناب علیؓ
امارت مین یا ابن ابو سفیانکی / ہوے ابن عبد اللہ یعنے علی
ہوے پھر تو حاکم وہ عبد العزیز / کہ مروان کے بیٹے تھے بس باتمیز
ازان بعد طاہر بن عبد اللہ / ہوے اسکے عامل بلا اشتباہ
کیا جب صحابہؓ نے اسمین قیام / فزون اسکی رونق ہوئی صبح و شام
نئے اسمین بازار بھی بن گئے / اور انکے سوا سیکڑون گھر نئے
ہوے راستے صاف ہر طرح کی / بڑھی زیب و زینت بہ رونق ہوئی

ما اتخذ اللہ من ولد وما کان معہ من الٰہ اذا لذہب کل الٰہ بما خلق ولعلی بعضہم علی بعض سبحان اللہ عما یصفون

که اللہ ہی وحدہ لاشریک / ہوا ہی نہ ہو کوئی اُسکا شریک
خدا پاک ہی اسکے بیٹا نہین / شریک وسہیم اسکا اصلا نہین

نرالا ہی اک وہی دادار ہی / وہی سارے عالم کا مختار ہی
وہی ایک ہی خالق جزو کل / ہین سب اسکے گلزار صنعت کے گل

کہ خالق اگر اور ہوتا کوئی / وہ شے اپنی لیتا بنائی ہوئی
تو ہوتا بگاڑ اُس سے بنتی نہین / نہ رہتا قیام زمان وزمین

منزہ ہی اُس سے خدائے برین / بتاتے ہین جیسا اُسے مشرکین
ازان بعد کلمہ اُنھون نے پڑھا / کہ معبود کوئی نہین جز خدا

مسلمان بھی تر زبان سب ہوئے / درود اور تہلیل وتکبیر سے
جو تھے غانم نامور با صفا / اُنھون نے خوشی سے یہ آیہ پڑھا

کم ترکوا من جنات وعیون وزروع ومقام کریم ونعمت کانوا فیہا فاکہین کذٰلک واورثناہا قوما آخرین

بہت باغ چشمی بہت کھیتیان / سوا اُنکے پھر اور خاصے مکان
بعیش انہین ہی تھے ارام سے / بفخر اُنہین باتین بناتے وہ تھے

گئے چھوڑ ہم نے زروئے عطا / وہ سب دوسری قوم کو دیدیا
کیا پھر کلیسا اُنھون نے خراب / اسی جا باخلاص بہر ثواب

بنائی بس اک مسجد باصفا / سراپا مصفا بہت پُر ضیا
ستون اُسمین یکسر زسنگ سفید / لگائے اُنھون نے بصدہا امید

یہ کہتا ہی راوی کہ ابتک وہ ہی / خدایا وہ آباد دائم رہے
جمعہ اُسمین ہوتا ہی باصد نیاز / عبادت سے شادان تھے وہ سرفراز

اور اُسکے سوا اور بھی مسجدین / بنائین اُنھون نے کہ ابتک وہ ہین
نشانہائے تکفیر جو کچھ کہ تھے / وہ خاصان حق نے مٹا سب دئے

بنائین بہت پھر اُنھون نے سرائے / کہ آرام لین اُنمین اپنے پرائے
کیا صاف راہونکو بھی سربسر / کہ رہرو کو راحت ہو شام وسحر

غرض راحت خلق تھا اُنکا کام / رہے اُنسے اللہ راضی مدام
حسام خدا میر لشکر پناہ / رہے اُسمین رونق فزا ایک ماہ

پہونچنا خمس کا بحضور خلیفہ صادر ہونا فرمان کا بنام سپہدار نصرت لوا

یہ کہتا ہی راوی صداقت مآل / لیا خمس کو پھر اُنھون نے نکال
جو فضل فضالہ تھے اور بونعیم / سویم بود جانہ مجاہد فہیم

بلایا اُنھین اور یہ اُنسے کہا / عمرو کو یہ پہونچا دو اے باصفا
لکھا فتح نامہ بھی پھر اُنکے نام / کہ ہم نے لیا بہنسا لا کلام

اور اُسمین غنیمت جو ہمکو ملی / اسیکے ہی ہمراہ خمس اُسکا بھی
عمرو کو جو وہ فتح نامہ ملا / ہوئے شاد اور اک عریضہ لکھا

حضور جہانبان جناب عمرؓ / خلافت پناہ وشہ دادگر
سپہدار کا فتحنامہ جو تھا / اُسے بھی اُنھون نے روانہ کیا

دیا بونعیم دلاور کو سب / کہا تم مدینے چلے جاؤ اب
عریضہ مرا اور خالد کا بھی / مع مال خمس اے جوان جری

حضور خلیفہ مین پہونچا کے آؤ / اور اُسکی جزا اپنے اللہ سے پاؤ
کیئے تیس اصحاب پھر اُنکے ساتھ / کہ بالا رہے اُنکا اعدا پہ ہاتھ

اُسے لیکے وہ مصر سے جلد ئیے / مدینہ مین جس روز داخل ہوئے
اسی روز دعوت تھی حضرت کے یان / کہ مدعو تھے اہل مدینہ وہان

پیالون مین بھر بھر کے حضرت ثرید / کھلاتے تھے سب کو بشوق مزید
پڑی اُنپہ جسدم نگاہ حضور / تو حاصل ہوا اُنکو سور و سرور

بلایا سلے اور بٹھایا اُنھین / محبت سے کھانا کھلایا اُنھین
روایت یہ کرتے تھے خود بونعیم / جو تھے صادق القول مرد کریم

پس پشت میرے خلیفہ کھڑے / عصائے نبی پر تھے تکیہ کیے
عصائے نبی کا تجھے واسطا / الٰہی مددگار ہو تو مرا

جو ہم لوگ کھانے سے فارغ ہوئے / تو حضرت خلیفہ کو نامے دیے
لیا اُنکو پڑھ کر ہوئے شادمان / یہ سُنکر ہوئے مجتمع مومنان

تو حضرت خلیفہ کھڑے ہو گئے / خطیبانہ اور حمد کرنے لگے
بیان کرکے حمد وثنائے خدا / کیا وصف حضرت رسالت ادا

لکھا تھا جو اُنمین سُنایا اُنھین / زر و مال سارا دکھایا اُنھین
اور اُنپر وہین اُسکو قسمت کیا / نہ اپنے لیے ایک حبہ رکھا

کرا نپر جا خون گئے ہاتھ تھک
دیا حکم جلدی بنین گاڈیان
مسلمان پڑے تھے جو باہر شہید
ہوئے جمع سب باخشوع ونیاز
منگائین تھین مرکے بھی تختیان
ہوئی دفن سے جب فراغت انھین
وویم عبداللہ بن حرملہ
ابومسلمہ بوحذیفہ بھی تھے
سوا انکے تھے اور بھی کامگا
کہ بازار خرما فروشونکے پاس
جو بازار صابون کا تھا شہیر
ہوے تیغ اعدا سے وان بھی شہید
یہ کہتا ہی یان راوی نیک خو
امیرونکے بھی جو وہان تھے مکان
بہت مسند وتکیہ ریشمی
ہوے سب پہ قابض وہ عالی صفات
لیے جاتے تھے ایک نجر عدو
نہ تھی قدر کچھ سیم وزر کی وہان
اگر مجلس عیش ہوتی کبھی
سپہدار دین سعد عالی گہر
ملا رستم گرد بھی خاک مین
مدائن پہ جب انکا قبضہ ہوا
ملا عالم عالم اور ایک فرش بھی
اور اُس سے جناب علی کو ملا
علی شیر حق سرور مومنان
یہ کہتا ہی راوی صادق زبان
ہوا وقت قسمت سہام سوار
لگے بھر کنیسے مین وہ نامور
تشبیہین لگین جابجا اُنمین تھین

ہوے تھک کے عاجز وہ نصرت نزک
ہوا اُسکی تعمیل فوراً وہان
اُٹھین گاڈیو نپر ز قرب وبعید
جنازہ کی اُنپر ادا کی نماز
لکھے انپہ اُن سبکے نام ونشان
تو لے آئے تشریف پھر شہر مین
وعبداللہ نعمان شیر ملیہ
بوکلثوم اور بوسراقہ بھی تھے
کہ دی جان بہر خداوندگار
ہوے جان بحق بیس تن حق شناس
ہوئی وان شہید اک جماعت کثیر
ملا اُنکو قرب خدا سے حمید
کہ جب خالد صاحب جاہ کو
تھا اُنمین بھی زر اور جواہر نہان
کہ دوات کی اُنکو نہ تھی کچھ کمی
لیا جیت سب کچھ یہ دی اُنکو بات
کہ دو اُسپہ صندوق تھے دو بدو
اُٹھانے سے عاجز ہوے مومنان
تو بطلوس اُسپر لفافہ مہی
گئے سوے فارس جو باکر و فر
بندھے اُنکے سر اُنکی فتراک مین
علمہائے دینی ہوے چرخ سا
کہ اُسکی بنا زر جواہر سے تھی
جو حصہ فروخت اُسکو وہین کیا
علی ولی ہادی گمرہان
خزانے جو کچھ تھے قلعہ مین نہان
زر سرخ مثقال مین دس ہزار
اور اُسمین بھی سامان ملا بیشتر
کہ حیران ہو دیکھکر اہل دین

گئی شب ہوا دوسرا روز جب
پکڑوا نئے پھر بیل دیہات سے
اُٹھا کر رکھا اور قبرین جہان
کیا دفن انکو لکھا ہی یہی
لگا تختیونکو سرہانے دیا
ہوے شہر مین تھے جو مومن شہید
بومسعود ثقفی و عبد رحیم
تھے مالک بھی اور بوسلیمان بھی
غرض چار سو سے زیادہ وہ تھے
اُنھون نے وہین انکو دفنا دیا
دو کانین تھین عطارونکی جس جگہ
سوے یوسفی بحر زیر فصیل
فراغت ہوئی اُنکی تدفین سے
گئے اُنمین نکلا بہت سیم وزر
سپرہاے زرین وزرین کمر
لکھا ہی کہ پھر غازی نامور
جواہر تھا اُنمین بھرا سربسر
مرصع ملا اُنکو اک فرش بھی
جلوس آکے کرتا کہ اورنگ پر
مجوس اُنسے آکر مقابل ہوے
لڑے جس جگہ فتح ونصرت ہوئی
گیا بھاگ کسرے بدرد وملال
کہا راوی نے یہ بھی ویسا ہی تھا
لے بست آلاف دینار سے تھے
پناہ جہان شاہ دلدل سوار
نکالا انھین اور جو کچھ ملا
اور اک اک ہزار اوقیہ نقرہ بھی
سنہرے روپہلے قنادیل تھے
سپہدار بھی اُنسے حیران ہوے

کیے وہ وہین بکار اُنھون نے طلب
اُٹھین گاڈیونمین اُٹھین جو تھے
بنائی تھین لیجا کے اُنکو وہان
کہ ہر قبر مین دس رکھے آٹھ بھی
کہ باقی رہے اُنکا نام اور پتا
اُنھین مین تھے عبداللہ ابن عبید
وہی عبدرزاق اہل نعیم
کہ وارانی تھے قوم سے ہجری
کہ جو قرب نہ لامین اُس شب گئے
یہ کہتا ہی راوی کہ اُنکے سوا
چہل مومنان صاحب دبدبہ
ہوا اک گروہ مجاہد قتیل
تو وہ جانب قصر شاہی چلے
ظروف زر وسیم ولعل وگہر
طلا کار شمشیر وگرز وتبر
ہوے جانب باب سرہ سپر
اسیوقت سب لیلیا لوٹ کر
یہ اُسکی صفت واقدی نے لکھی
بچھاتے تھے خادم وہی فرش زر
تو نار جہنم مین داخل ہوے
کہ برباد کسرے کی شوکت ہوئی
جواہر زر وسیم ومال ومنال
مدینہ مع خمس بھیجا گیا
وہ سب آپنے راہ حق مین دیے
جہاندار دین نایب کردگار
لیا اور نہ چھوڑا اُنھون نے ذرا
ملا اور ہوے شاد مان جری
تھے منقوش دیبا کے پردے بڑے
اس آیہ کو اُسوقت پڑھنے لگے

ابو ذر غفاری یل شہ سوار — بو ایوب انصاری عالی وقار
ہوے باب فندوس پر حملہ گر — چلی خوب شمشیر و گرز و تبر
مسیب نجیبہ فزاری نہاد — دویم وہ ہی قعقاع والاتژاد
سویم سرور فوج غانم جوان — ہوے متفق ہو کے حملہ کنان
جو باب جبل تھا یہ اُسپر گئے — جو آئے مقابل وہ بیجان ہوے
نہ اُنسے رُکے چڑھ گئے برج پر — کئے اور کام تا دیا کھول در
اور ایسا لڑے اُنسے یہ مومنین — فلک پر ملک کرتے تھے آفرین
لڑے خوب اعدا بھی اُس جنگ مین — کہ جینے کا لطف اب نہین کچھ ہین
ہوا شاہ بھی اسطرح جنگ جو — کوئی جان سے جیسے بیزار ہو
نہ کی جان دینے مین اُسنے کمی — گرا سکے ادھر اور ادھر آدمی
سپہدار دین خالد نامور — بڑھے اسپہ باغیظ جون شیر نر
یہ کہتے تھے اسدم بعون خدا — مین لیتا ہون بدلہ سلیمان کا
وہ کافر جو اُنکے مقابل ہوا — تو نیزہ سنبھالے وہ مرد خدا
بڑھے اور کیا اُسکے سینہ پہ وار — کہ زین سے گرا ہو کے خوار و نزار
گیا جان سے اپنے وہ بے تمیز — نہ آیا کوئی کام خویش و عزیز
نہ اورنگ و تاج و نہ زرین کمر — نہ شمشیر بران نہ خود و سپر
نہ گنج و نہ کشور نہ فوج و سپاہ — نہ وہ ساز و سامان نہ زرین کلاہ
نہ وہ کبر و نخوت نہ عجب و غرور — نہ وہ ہوش و دانش نہ مکر و فتور
گیا جان کے ساتھ سارا حشم — مصاحب نہ تھا کوئی جز درد و غم
گئے سب بچھڑ آن کی آن مین — کہ تنہا پڑا تھا وہ میدان مین
اُسے دیکھکر اُنکے اترے نشے — نہ ٹھہرا کوئی پھر بقول کسے
بیک گردش چرخ نیلوفری — نہ دادر بجا ماند نہ داوری
یہ ہی طور دنیا ے ناپائدار — کہ عاشق کو کرتی ہی خود اپنے خوار
وہ ہی مرد جو اس سے بیزار ہو — یہ اُسکے لیے مثل گلزار ہو
وگرنہ یہ مردار ہی خار جان — اگرچہ بظاہر ہین گل کاریان

امن دینا امیر خالد کا رعایاے بہنسا کو دفن ہونا شہدا کا قابض ہونا دلیران موحدین کا خزائن بطلوس ملعون پر اور متوجہ ہونا تعمیر مساجد و مہمانسراے و شاہ راہون پر

جو دیکھا وہان رومیون نے یہ حال — کہ کشتہ ہوا وہ لعین بد خصال
تو بھاگے لڑائی سے اکبار گی — کیے پر دلیرون نے پھر بار گی
ہوے اور بھی قتل اور قید بھی — امان سب نے چاہی کہ ہو جان بری
لکھا ہی کہ مارے گئے سی ہزار — کہ بپھرے تھے شیران دشمن شکار
مقید ہوے تھے جو با حال زار — وہ تھے بست الاف بس سوگوار
سپہدار نے خود یہ احوال سب — لکھا اک قصیدہ مین باصد طرب
یہ کہتا ہی راوی صداقت فزا — کہ اصحاب و عشاق خیر الوریٰ
ہوے قتل اعدا مین سرگرم یون — کہ بہنے لگین جابجا جوے خون
گھرو نین جو ہیبت سے رومی چھپے — انھین اسطرح قتل کرتے وہ تھے
کہ گھر مین گئے کودھر ایک کے — دلیرانہ بڑھ بڑھ کے دیوار سے
پکڑ لاے اُسکو جو گھر مین ملا — ملا خاک مین اُسکو وہین دیا
بہا خون بازار کوچون مین بھی — پڑی جابجا لاش پر لاش تھی
جو باقی رہے آئے روتے ہوے — کہ قبطی بھی اینین انصار ابھی تھے
کہا اہل ذمہ تمہارے ہین ہم — کرو اب نہ شمشیر ہم پر علم
کہ ہم تو رعایا تھے بطلوس کی — نہ تھا اختیار اسمین ہمکو کبھی
ہوا قتل وہ اور بطریق سب — تمہارا مقابل نہین کوئی اب
کرو رحم ہمپر خدا کے لیے — کہ اللہ بھی رحم تم پر کرے
کہا سپہ نے یہ ہو کر خفا — کہ انکو بھی دو خاک و خون مین ملا
وسلے میر غانم یہ کہنے لگے — کہ یہ آپ کی اب رعایا ہوے
نہین انہین کچھ تاب جنگ و قتال — کہ بیشک بہت تنگ ہی انکا حال
سپہدار نے تب امان انکو دی — ولیکن اسیوقت یہ شرط کی
خزانہ جو کچھ ہی دکھاؤ ہمین — جو بھاگا گیا اُسے بھی بتاؤ ہمین
کہ از باب شرقی گیا کون بھاگ — نہ ہم سے چھپاؤ جو باور ہین بھاگ
اُسے بھی بتاؤ کیا ہو جو غرق — خبردار ہمسے کرو تم نہ فرق
اسیدم انھون نے بتایا انھین — کہ معلوم تھا حال جسکا انھین
روایت ہی اُسروز غازی تمام — انھین قتل کرتے رہے تا بشام

ہوے بعد انکے وہان جلوہ گر ابان ابن عثمان والا گہر
پھر آئے وہی مسلم ابن عقیل جو ہین شاہ راہ ہدی کی دلیل
یہی حسب فرمان سبط نبی گئے کوفہ اور وان شہادت ملی
وہ سبط نبی یعنی حضرت حسین نبی و علی کے جو ہین نور عین
امام دو عالم امیر امم سپہر وفا آفتاب کرم
ہمیشہ خدا کا ہو انپر سلام وہ ہین بہتر و برترین انام
یہ کہتا ہے راوی صداقت پناہ کہ تھے اور جتنے سرانِ سپاہ
ہوے داخل حصن اور انکے نام کرون نظم اب واقدی سے تمام
شرحبیل وہ کاتب مصطفی کہ تھے سرگروہ جہان صفا
دویم تھے وہ قعقاع ابن عمرو سویم مالک اشتریل خوش سیر
چہارم عبادہ تھے حق آشنا تھے پنجم ابو ذریل باوفا
ششم بو ہریرہ اور انکے پسر لیے بہر حق تھے ہتیلی پہ سر
تھے شداد اوس اور سعاد جبل شجاعت مین یکتا و ضرب المثل
مجاہد جوان عقبہ و قیس رض بھی براء ابن عازب دلاور جری
عدو کش جوان مرد جابر سعید مبشر بجنت سعید رشید
سوا انکے نعمان ابن بشیر تھے پھر بو دجانہ شجاعت شہیر
بعزم درست و بقلب قوی ہوے زینت حصن یہ سب جری
لگی چلنے تلوار پھر ہر طرف کہ گردان ترسا بشور و شغف
مقابل ہوے اور گرے خاک پر تڑپنے لگے ہو کے بے دست و سر
جو انپر چلی انکی تیغ دو دم تو بھاگے بہت اور گیا کوئی جم
پڑی نعش پر نعش تھی سرنگون لگی بہنے ہر اک طرف جوئے خون
کہ اس شب بکثرت ہوے وہ قتیل وہ تھی تیرہ بختی پر انکے دلیل
کسی جا گرفتار کوئی ہوا ہوا قتل گلنار کوئی ہوا
رہا چھپ کوئی گھر مین ہو کر فرار گرا خاک پر کوئی زار و نزار
ہوا اسطرح سخت وہ معرکا کہ گردون گردان بھی چکرا گیا
ہوئی چشم انجم مین بھی تیرگی نہ وہ کارزار انسے دیکھی گئی
تو لاچار اک بار کی آنکھ بند ہوا نور صبح سعادت بلند
سہانی سہانی نسیم سحر لگی چلنے صحرا و گلزار پر

صبح ہونا بحالت قتال و جدال قتل بطلوس باہزاران حسرت و ملال بعون حضرت ذوالجلال

صبوحی پلادے مجھے ساقیا مین قربان دل و جانسے تجھپر ہوا
فدا رنگ گل پر ہے بلبل کہین ہے نوحہ کہین شور قلقل کہین
کہین سوز ہے اور کہین ساز ہے نئی ہر طرف ایک آوازہ ہے
مساجد مین ہوتی ہے بانگ اذان عبادت مین سرگرم ہین زاہدان
بجاتے ہین ناقوس کو برہمن اُٹھین تا پرستندگان وثن
کوئی صرف تہلیل و تکبیر ہے کوئی ہجر دلبر سے دلگیر ہے
نہین مجھکو دنیا و دین سے غرض سر سر نہ جان حزین سے غرض
ترے عشق مین تن پہ سر بار ہے فقط تیرا دیدار درکار ہے
کٹی رات ساری اسی سوز مین رہی آہ و زاری اسی سوز مین
کہ جان حزین نذر دلدار ہے میسر مجھے آہ دیدار ہو
جو آغاز صبح سعادت ہوا نظر خویش و بیگانہ آنے لگا
ہوا گرم تب اور بازار تیغ کہ ہر سمت اُٹھی صدا وا دریغ
زبیر عوام اور انکے پسر کہ عبداللہ نامی ہین وہ نامور
سویم عبدرحمن صدیق زاد کہ ہر دم تھے محو غزا و جہاد
سوے باب بحری چلے خوش شعار لیے ساتھ گردان دشمن شکار
ہوے وان بھی انسے عدو جنگجو کیا خوب وان بھی قتال عدو
زبیر جری عبدرحمن جوان چلے سوے دژ بادل شادمان
کہ تھے جمع قلعہ کی دیوار پر پئے جمع اعدا ہزیمت اثر
پہ اول اتر کر انھون نے نماز ادا کی اسی جا بسوز و نیاز
اگرچہ لگے انکے آنے کے سنگ پہ مشغول طاعت تھے وہ چیرہ جنگ
کہ اتنے مین وان آگئے فضل بھی اور انسے ہوے مل کے خوش یہ جری
بڑھے تینون پھر اور دیوار پر دیا پھینک زنجیر کو اسکا سر
ہوا بند کنگور مین تب چڑھے وہ بالائے برج اور جب چڑھ چکے
تو کنگورے توڑے کیا قتل انھین نگہبان جو رہتے تھے اُس برج مین
دیا کھول در اور ہوے پھر وہان ستایشگر داور داوران
کہا راوی نے فضل عباس بھی دویم کاتب وحی گرد جری

روایت ہی تھے سب وہ چالیس مرد
جو ہوتے وہان رستم اسفندیار
شجاعت و ہمت جو کچھ اُنمین تھی
کہ رکھ رکھ کے تپھر درون حصار
گئی رات زائد تو بورون کو پھر
نگہبان وہان پائے سوتے ہوے
نگہبان جتنے تھے مارے گئے
لگے ڈھونڈنے کنجیان مومنین
کہ تھی راہ اُس سے سوے قصر شاہ
لیے ایک ساعت مین تپھر نکال
نصارا ابھی اُسوقت ہوکر تیار
ہوئین درپہ دونون جو فوجین بہم
ہوا قتل جو آگیا روبرو
روایت ہی پہلے جو قربان ہوے
سویم کعب رض مائل یل شہ سوار
بومسعود رض بدری نے ہی یون کہا
گذر ہمکو جب ایک عرصہ گیا
لگا دو اُنھین شب کو زیر فصیل
تو چالیس مردانِ راہ خدا
اُنھین مین تھے وہ ساتھ عالی مقام
تو دوڑے اُنھین روکنے کو وہان
کیا دشمنان خدا نے شہید
بہ تکبیر و تہلیل بڑھتے ہوے
ازان بعد سردار والا گہر
سپہدار کے بعد وہ ذوالکلاع
ہوے زینت افزاے حصن متین
ازان بعد تشریف لائے وہان
پھر آئے بصد حشمت و عز و شان
پھر آئے وہی غانم اشعری

کہ رستم بھی دیکھے تو ہو جاے سرد
نہ کرتے وہ اپنا اُنھین نیزہ دار
کسی مین نہ بُرائی ہی نہو گی کبھی
لگے پھینکنے مومن خوش شعار
دیا پھینک در پر رہے منتظر
تو وہ برج سے جانب در چلے
کہ سوتے تھے مخمور صہبا سے تھے
اُسکے پلنگ کے سرہانے مین
مگر بند کی تھی اُنھون نے وہ راہ
دیے ایک جانب کو لیجا کے ڈال
بڑھے تاکہ اُنسے کرین کارزار
ہوا گرم بازار تیغِ دودم
کہ تھی قتل تر سا دلی آرزو
گئے ظل رحمت مین اللہ کے
در قلعہ کے پاس یہ باوقار
کہ تھا مین بھی اک اُنمین انخوش لقا
گئے پیش سردار سب کچھ کہا
کہ چڑھ جائین قلعہ پہ حق ہی کفیل
ہوے مستعد اُنمین اک مین بھی تھا
کہ پہلے رقم ہو چکے جنکے نام
وہی عبدرزاق رض نصرت نشان
ہوئی اُنکو وہ شب بہ از روز عید
اور اشعار رجزیہ پڑھتے ہوے
حسام خدا خالد شیر نر
جو ہین حمیری لبس دلیر و شجاع
مہلل تھے خود اور سب مومنین
زبیر رض ابن عوام نصرت نشان
جو تھے عبداللہ رض جعفر جوان
دلیران عالم سے بڑھ کر جری

معاذ اللہ مین نے یہ کیا کہدیا
شجاعت تھی اک اُنکی ادنی کنیز
غرض منجنیقون کو اول وہان
گرے برج پر اور دیوار پر
نکلتے ہی اُنمین سے وہ خوش شعار
لکھا ہی مقفل جو دیکھا وہ در
جو بطریق در کا نگہبان تھا
لیا اُنکو اور کردیا در کو وا
کہ در کو چنا تھا گل و سنگ سے
ہوے اس سے فارغ تو حملہ کیا
کہ اتنے مین سب لشکر مومنین
بڑھے طیش سے مومنین ہر طرف
لڑا خوب اُس رات بطلوس بھی
شجاع جہان عبدرزاق رض تھے
ہوے جان بحق دین اسلام پر
کہ کھولے جنھون نے تھے قلعہ کے در
یہ تدبیر ٹھہری کہ اے مومنان
بنائی گئین سیڑھیان جلد تر
اور اسطرح ہم چڑھ گئے کرخ پر
دیا کھول ہمنے جو قلعہ کا در
اُنھین اور جو اُنکے ہمراہ تھے
کہ اتنے مین قبل از سران سپاہ
لیے ساتھ اپنے مسلمان گروہ
ہوے زینت افزا بصد عز و شان
لیے اپنے ہمراہ سب حمیری
رجز خوان بھی تھے با ہزاران خوشی
ہوے اُنکے بعد عبدرحمن رض دلیر
اور آئے وہی دونون فضل دلیر
ازان بعد مقداد رض اسود جو تھے

کہ ذرہ کجا مہر تابان کجا
وہ تھے مصر جاہ و ظفر کے عزیز
لیا آزما از رہِ امتحان
نصارا ہوے ڈر سے ایدھر اُدھر
گئے جانب برج ہوکر تیار
تو چلنے لگی اُنکی تیغ و تبر
اُسے بھی وہین قتل فوراً کیا
اور اک بندہ اور اُنکو ملا
تو وہ سنگ و گل یہ ہٹانے لگے
جو آیا مقابل وہ مارا گیا
ہوا داخل قلعہ باطیش و کین
کہ تھے تیغ در دست لب پر کف
کہ امید اصلا نہ تھی زیست کی
عنان رض ابن مازن تھے پھر دوسرے
ہو رضوان حق اُنپہ شام و سحر
گئے تھے ہم اُس دن مین اُس طرح چیر
کرو جلد تیار اب سیڑھیان
لگائین کہ چڑھ جائین دیوار پر
چڑھین جون ملک قلعہ چرخ پر
ہوے ہمپہ اعداے دین حملہ گر
کہ نام اُن دلیرونکے لکھے گئے
ضرار رض ابن ازور یل دین پناہ
ہوے رونق قلعہ با صد شکوہ
اور اشعار رجزی سے تھے تر زبان
بہادر عدو کش دلاور جری
کہ اللہ نے ہمکو یہ فتح دی
شرافت وہ حصن جون نرہ شیر
لیے اپنے ہمراہ فوج کثیر
اور اشعار رجزیہ پڑھتے ہوے

اور اُسنے دیا حکم وقت سحر
اسیرونکو لیجا کے اک برج پر

تہ و دیران سبکے سر کاٹ لین
مسلمان باہر سے دیکھا کرین

تو دو سو مسلمان وہ نصرت مآل
کہ تھے شہر مین بہر تحصیل مال

ہوے قتل سب اک بڑے برج پر
حزین یہ ہوے سب اُنہین دیکھکر

سپہدار دین اور سران سپاہ
گئے جانب عرصۂ قتل گاہ

کہ ڈھونڈین شہیدونکو اپنے وہان
یہ کہتا ہی راوی صادق زبان

کہ اُس رات کو چارسو اور پچاس
جنانین گئے مومن حق شناس

امیر اور سادات ہشتاد تھے
سوا اُنکے یکصد و ہفتاد تھے

اُنہین مین سے ہین ایک حضرت زیادؓ
جو ہین قرب مولا مین فرحان و شاد

اور ایسا لڑے تھے وہ مرد نکو
سراپا جراحت تھے اور سرخرو

اُٹھا کر اُنھون نے جو دیکھا اُنھین
تھے ظاہر بھی ڈوبے ہوے رنگ مین

نہ کچھ زخم نیزے ہی کے بیس تھے
پڑے تیغ کے گھاو چالیس تھے

اور اُنکے برادر رہبارؓ عزیز
کہ تھے پردل و نیک خو باتمیز

پڑے تھے اُنھین کے برابر وہان
پیے جام وصل خدائے جہان

کہ تھے بیس زخم اُنپہ تلوار کے
مگر سر ہی سر پر وہ سب تھے لگے

لگی ایک تلوار تھی ران پر
کہ دو کر دیا تھا اُسے کاٹ کر

سپہدار اور سب سران سپاہ
وہان غم سے کرنے لگے آہ آہ

ہوا رنج اُنکا اُنھین بے شمار
کہ روئے دلاور جوان زار زار

پھر اُن سب شہیدونکو اک جا کیا
وہین کی نماز جنازہ ادا

کیا سب کو مدفون اُسی تل کے پاس
چلے آئے ڈیرونمین وہ حق شناس

ہوا گرچہ اُن سب کو اُنکا الم
مگر تھا سپہدار کو سخت غم

کہ ایسی ہوئی بیقراری فزون
کہا مرثیہ جس سے دل ہووے خون

فتح بہنسا بار دیگر

لکھا ہی کہ پھر غازی نیکفال
رہے خیمہ زن اُس جگہ تین سال

من اعمال بہنسا جو کچھ تھے بلاد
وہانسے وہ ماحی کفر و فساد

گئے اُنپہ غارت کیا لوٹ کر
غنیمت مین لائے بہت سیم و زر

لب ساحل بحر جو شہر تھے
تمام اُنکے قبضہ مین وہ آگئے

کہ قعقاعؓ ابن عمرو نامدار
دویم شیر ہاشمؓ نصار اشکار

بہ تعمیل حکم امیر حشم
گئے اور ہوے وان مظفر علم

جہان سخا تھے جو عقبہؓ دلیر
گئے حد برقہ تلک مثل شیر

لیے اپنے ہمرہ گزیدہ سوار
کہ تعداد مین تھے وہ سب دو ہزار

مظفر و منصور ہوکر وہ چٹ
غنیمت بہت لیکے آئے پلٹ

یہ کہتا ہی راوی صداقت مآب
کہ جب بہنسا پر ہوے کامیاب

بفرمان حضرت خلافت پناہ
گئی سوے مغرب جو غازی سپاہ

تو منجملہ سروران اے عزیز
تھے عقبہؓ بھی اک افسر باتمیز

پر اس مرتبہ حد برقہ تلک
گئے فوج لیکر وہ نصرت یزک

ملے راہ مین جتنے شہر و دیار
پھرے لوٹ کر انکو یہ باوقار

گئے جانب غرب اول یہی
بکوس و باعلام فتح مہی

ہوا بہنسا پر زمانہ دراز
نہ غالب ہوے اُسپہ وہ سرفراز

ہوے جمع اک روز سرور کے پاس
کہا ای سپہدار نصرت اساس

گیا ہمکو اس جا زمانہ گذر
ولیکن نہ اعدا پہ پائی ظفر

مناسب یہ ہی اب وہ کیجے صلاح
کہ پاوین ظفر تا ہو ہمکو فلاح

اُٹھے عبدرزاقؓ عالی ہمم
کہ انصار تھے اور صاحب حشم

دویم عبد اللہؓ تھے مازنی
جوان سویم بو سعیدؓ جری

چہارم بومسعودؓ بدری لقب
جہان وفا شہسوار عرب

لگے کہنے ایسرور فوج دین
یہی ایک تدبیر ہے اور نہین

کہ رو تیکے بورے نہین رکھکر ہمین
بس اب برج پر قلعہ کے پھینکدین

کہ ہم دیچکے جان بہر خدا
تمنا بر آئے اگر ہون فدا

لڑے جسطرح ہمرکاب حضور
بصد خلوص و نیاز وفور

کیا فتح جسطرح سے مصر کو
کرین ویسی ہی اب بھی ہم جستجو

عجب کیا جو ہو فتح اسلام کی
رضامند ہو ہم سے رب قوی

کیا اسکو منظور سردار نے
کیا حکم فوراً یہ سالار نے

کرو اب مناجیق جلدی تیار
ہوئین حکم کے ساتھ وہ بھی تیار

جوانان نے تھیلے بھی چٹ پٹ سیے
کہ تابع تھے اُنکے سبھی جان سے

سپہدار نے حکم پھر یہ دیا
سپر تیغ لے لیکے بہر خدا

جوان ایک ہر ایک بورے مین آئے
یقین ہی کہ اسلام اب فتح پائے

در آئے جو بورونمین اہل صفا
کیا بند اور اُنکو چٹ سی دیا

کہ سردار کوئی نہ باقی رہا / نہ بطلوس نے جسکو تحفہ دیا
کہ تھا خوب دانا و پختہ دماغ / دکھایا انھین اُسنے وہ سبز باغ
دوئیم ابن عوامؓ عالی نہاد / سوئیم عبدرحمنؓ صدیقؓ زاد
کہ وہ جانتے تھے یہ مکار ہے / عدو ہے یہ عیار و طرار ہے
جو ہمقوم تھے اُسکے جنگ آزما / بلا پاس اپنے سبھون کو لیا
کہ ہے جزیہ دینا گوارا تمھین / کیا ہے نہ افسوس اُسکا تمھین
تعجب نہین ہے کہ پائین ظفر / کہ غافل ہین اعراب اور بے خطر
لیے ساتھ بطریق شہ نے ہزار / چلا قصر دولت سے ہوکر سوار
ہوے مطمئن پھر دیئے کھول در / گرے ٹوٹ کر فوج اسلام پر
اگرچہ گلو پر چلین تیغ تیز / وے کی کسینے نہ جلسے گریز
کہ ڈیرون مین سوتے تھے آرام سے / نہ ایسا جری اُسکو تھے جانتے
سپہدار دین خالدؓ نیک ذات / لیے ساتھ مردان قدسی صفات
زبیرؓ دلاور اُٹھے چونک کر / لیے ہاتھون مین گرز و تیغ و تبر
یہ کہکر ہوے رونق راہوار / اور اسماؓ ستودہ سیر خوش شعار
ہوئین اُنکے ہمراہ اور خصم کو / کہا مارے جاتے ہو اب ای سگو
کہ مارا اُسے اور گرایا اُسے / کیا چت اسے اور سُلایا اُسے
سوا اُنکے جو اور تھین مومنات / سمجھکر کہ ہے سخت یہ واردات
گرین اُنپہ اور قتل کرنے لگین / شجاعت سے گویا مجسم یہ تھین
اور اُس شب یہ تھا حال بطلوس کا / سوے میمنہ گہہ سوے میسرہ
ہوے قتل اُس سے مسلمان بہت / جتا نہین گئے اہل ایمان بہت
سپہدار دین خالدؓ ارجمند / بیسکتے تھے اُسدم بصوت بلند
ولا و رضاؓ لہ مجاہد فہیم / عبادہؓ جوانمرد ابن تمیم
کلابی کہ نام اُنکا ہے جندبہؓ / عقیبؓ ابن یعقوب اور میسرہ
عقب مین وہان ایک تل کے ہوے / لگے لڑنے اعداے اسلام سے
ہوئی اور پھر تیز نار قتال / اور اندھن تھے اُسکے وہی بدمآل
کہ ہر ایک ترسان و خائف ہوا / دیئے دم مین لاشونکے تودے لگا
گئے تا بدروازہ ہوکر فرار / لبو پر فغان اور دل زار زار
روان نار مین اور تن ریت مین / رہے کھیت اکثر اسی کھیت مین
گھسا پھر اُسی قلعہ مین بھاگ کر / اور اُسکے تھے ہمرہ وہ فوج وحشر

کیا مکر ہرقل سے مکار نے / کیا سب کو خوش وہ عیار نے
ولیکن سپہدار خالدؓ ولید / جہانگیر و شیدائے رب مجید
سوا اُنکے مقدادؓ اور فضلؓ بھی / نہ تھے مطمئن اپنے دل مین ذری
گئے دو مہینے یون ہین جب گذر / کیا خرچ اُسنے بہت مال و زر
تو اک دن انھین اور مشیرونکو بھی / بلایا کہا دو یہ پاسخ ابھی
ہوے متفق اسپہ وہ بدشیم / کہ شب خون پھر اُنپہ مارینگے ہم
رہے منتظر رات کے جب ہوئی / مسلح ہوے تب وہ اکبارگی
مسلمان دو سو جو تھے شہر مین / مقید کیا آہ فورًا اُنھین
لگی چلنے شمشیر زہر آب دار / لگے مرد جانباز ہونے فگار
وہ ہشیار ہونے نہ پائے مگر / کہ چلنے لگی اُنپہ تیغ و تبر
غرض اسطرح یک بیک غل ہوا / زمین ہلگئی چرخ چکرا گیا
بڑھے قتل اعدا کو کرنے لگے / زمین پر وہ گر گر کے مرنے لگے
نکل آئے خیمہ سے کہتے ہوے / کہ ای مومنو کیا نہ ہم کہتے تھے
اُٹھین وہ وہین اور لیکے تیغ و سپر / چڑھین جلد اک اور رہوار پر
زبیرؓ دلاور کا ہو وصف کیا / کہ تھے اُنکے حق مین وہ مبرم قضا
تھی اسماؓ کی تیغ دودم بھی بلا / ہوا اندر اُسکے جو اُنکو ملا
اُٹھین اور لے لیکے تیغ و تبر / بڑھین اپنے خیمون سے للکار کر
مقابل جو آیا اُسے مار کر / بچھایا دہین خاک کے فرش پر
گرا اور لڑا اور کاٹا کٹا / ہوا گرم بازار تلوار کا
کہ وہ رات بھی سخت تاریک تھی / مسلح بھی ہونے نہ پائے جری
سُنا تمنے یارو نہ میرا کہا / یہ دیکھو ہوا ہاے کیا واقعا
زیادؓ بو سفیان اور اُنکے عزیز / کہ ہبار نامی ہین صاحب تمیز
کہ مسروقؓ ہے باپ کا اُنکے نام / رضائے خدا اُنپہ ہووے مدام
لیا وہین کفار نے اُنکو گھیر / گئے قرب حق مین وہ ساتون دلیر
سپہدار نے حال یہ دیکھکر / کیا حملہ سخت کفار پر
چلی اُنکی اکدم جو تیغ دودم / ہٹے خصم ہوکر ندیم ندم
ہزارون ہی بھاگڑ مین مارے گئے / کہ دوزخ کو یانسے وہ سارے گئے
غرض شہ کے دل مین ڈر ایسا کھپا / کہ بیرون در بھی نہ ٹھہرا گیا
کیے بند در اور رہے ہوشیار / ہوے خوب سرگرم حفظ حصار

وہ اُس رات مارے گئے سہ ہزار　　گئے نارین ہو کے زار و نزار
گئے مومنین سوے دار القرار　　بتعداد یکصد و ہشتاد و چار
وہی غانم ابن عیاضؓ اشعری　　بصد جاہ و اقبال و فتحِ مہی
سرانِ سپہ اپنے ہمرہ لیے　　کہ سب پُردل و صاحبِ جاہ تھے
جہان تھے سپہبد جو پہونچے وہان　　لگے مانگنے اُنسے قیدی امان
ہوے پُرفغان کی بہت عاجزی　　کہ دیجیے امان تا کہ ہو جان بری
غریب اور بیکس ہین لاچار ہین　　جو چاہین کرین آپ مختار ہین
اور اُن سب اسیرونسے زائد وہان　　شہِ بہنسا تھا خوشامد کنان
یہ کہتا تھا ہر ایک سردار سے　　کہ عاجز ہو ہمین اب امان دیجیے
غرض جسقدر وانپہ سردار تھے　　کہ اقطاب و ابرار و اخیار تھے
سپہدار خالدؓ سے کہنے لگے　　کہ اب آپ اُنکو امان دیجیے
نہ مانا اُنھون نے وے سبکی راے　　ہوئے متفق تب لگے کہنے ہائے
نہین ملتے تم مری رائے کو　　امان دی اُنھین مین نے جو ہو سو ہو
امیرون نے کی صلح اس شرط پر　　کہ دو ہمکو دس لاکھ مثقال زر
سوا اُسکے دس لاکھ اوقیہ سیم　　کرو نذر تا ہو نہ کچھ خوف و بیم
اور اُسکے سوا فوج مین بھیجدو　　ابھی جو د گندم کے خروار کو
کہ تعداد خروار ہون دس ہزار　　کیا اُسنے منظور بیچارہ وار
مقرر ہوا پھر کہ جزیہ بھی دے　　نہ اس سال مین سال آئندہ سے
سپہبد کو لیکن نہ تھا اعتبار　　کہ تھا وہ دغاباز اور شہسوار
تو لاچار سارے سرانِ سپاہ　　گئے پاس اُنکے بصد عز و جاہ
کہا ہمکو مدت ہوئی ہے یہان　　بہت مہربان آپ ہین بیگمان
تمنا یہ ہے اور یہی ہے صلاح　　اور اس مین ہے سبکی سراسر فلاح
کہ اس حال کو آپ لکھیے ضرور　　جنابِ خلافت پنہ کے حضور
جو بطلوس کے حق مین ارشاد ہو　　کرین اُسکی تعمیل سب مو بمو
اور آئے نہ جب تک کہ حکمِ حضور　　تو بطلوس و بطریق سب بے قصور
حراست مین اپنی مقید رہین　　رہے ہر طرح سے تسلی ہمین
کہا ہان حراست مین انکو رکھو　　اور ان سے خبردار ہر دم رہو
اُسیوقت پھر لیکے نام خدا　　سپہدارؓ نے یون عریضہ لکھا

عریضہ سپہ سالار بحضور خلافت شعار اور بحال رہنا ملک بطلوس کا اور غدر کرنا اس ملعون کا

لکھی پہلے حمدِ خداے کریم　　کہ بیشک وہی ہے غفور رحیم
پرستش کے قابل ہے بس اک وہی　　نہین لائق اُسکے سوا بندگی
محمدؐ ہین اُسکے حبیب و نبی　　کہ ختم اُنکے اوپر رسالت ہوئی
ازان بعد سب من وعن لکھدیا　　جو کچھ بہنسا پر ہوا ماجرا
لکھا پھر کہ جو حکم ہو اب ہمین　　سرمو نہ اُس سے تجاوز کرین
کیا بند قاصد کو سونپا کہا　　کہ لیجا تو اُسنے وہ پہونچا دیا
پڑھا خوش ہوے اور یہ لکھا جواب　　کہ تم اے سپہدار نصرت مآب
کرو اُس سے مضبوط قول و قرار　　کہ اُسمین نہو فرق پھر زینہار
کرے عہد بطلوس سوگند سے　　کہ تا غدر تم سے نہ پھر کر سکے
کرو مال تحصیل پھر صلح کا　　کہ حق نے تمھارے وہ تمکو دیا
نہ مارو اُسے جو کہ چاہے امان　　کہ ہے یون ہین حکمِ شہِ دو جہان
جو مانگے امان تم امان دو ضرور　　کرے ورنہ تم سے خلائق نفور
وہی نامہ بر اُسکو لیکر پھرا　　وہین بہنسا مین اُنھین دیدیا
ہوئی اُسکی تعمیل سب مو بمو　　جو ارشاد تھا وہ ہوا ہو بہو
یہ بطلوس نے اُنسے درخواست کی　　نہ اندر رہے اب مسلمان کوئی
مگر وہ جو تحصیل کرتے ہین مال　　رہین شہر و وہ زمین دہی بے ملال
کیا اسکو منظور سرور نے جب　　مسلمان نکل شہر سے آئے سب
فقط شہر مین دو دلاور رہے　　مقرر جو تحصیل پہ تھے ہوے
لکھا ہے کہ دو سو جوان تھے وہ سب　　اور افسر تھے اُنپر یہ عالی نسب
فضالہؓ بنِؓ زید سلمی جوان　　دویم عونؓ بن ساعد سحکمان
سویم تھے وہ مقسوم ابنؓ سعید　　مددگار دین قاتل ہر عنید
اور انکو بھی اور سارے لشکر کو بھی　　رسد روز دیتا وہ کافر شقی
اور آتا تھا قلعہ سے ہو کر سوار　　براہ خلوص و نیاز انکسار
جو سردار تھے اُنسے ملتا تھا روز　　اور الفت جتاتا تھا وہ تیرہ روز
اُنھین نذر کرتا بہت سیم و زر　　اور اسپ و سپر تیغ و زرین کمر
کہ راضی ہوے اُس سے وہ باوقار　　یہ کہتا ہے راوی صداقت شعار

کیے منتخب پھر انھون نے وہان … دلیران اسلام کیصد جوان
کہ تھے انمین سادات و خیار سب … شجاع و جگر دار و ابرار سب
انھین مین تھے عبداللہ ابن عمرؓ … سپہر شجاعت کے روشن قمر
دویم عبدالرحمنؓ صدیقؓ زاد … مٹائی جنھون نے بنائے فساد
مسیبؓ نجیبہ و مسلم دلیر … زیادؓ و بوسفیان شجاعت شہیر
ابانؓ اور مقداد صاحب شعور … کہ تھے سب ئے عشق خالق سے چور
اور انکو مقرر کیا باب پر … جو تھے فضلؓ عباس عالی گہر
ضرارؓ و زبیر ابنؓ عوام بھی … اور ابن زبیر عبداللہؓ جری
بن جعفر عبداللہ خوش تبار … اور ابن ابی لہب یکہ سوار
کہ ہین نام مین فضل وہ بے بدل … فدائے نبی عاشق عز و جل
بڑھا کر کہا ایک یہ سب باد پا … چلے آئین در مین بعون خدا
اور اعدا کے اسلام کو مار لین … مظفر ہون قلعہ پہ قبضہ کرین
گھٹا دن ہوا ئین چلین سرد سرد … ہوا مہر جون رنگ عشاق زرد
گیا ایک بیک جاکے مغرب مین ڈوب … ہوئی تیرگی سارے عالم مین خوب
ہوے مستعد سرورؓ با وقار … چلے لیکے ہمرہ دلیران کار
جو پہونچے سر مہر مردان نیک … گھسا تب قمر ٹھہرے ایک ایک
جو رہتا تھا مہر کیے باہر جوان … سپر تیغ دیتا اُسے بگیمان
اور اندر سے اپنے بڑھا ہاتھ کو … سپر تیغ لیتا تھا وہ جنگ جو
لکھا ہے کہ جو سب سے اول گھسا … تھے خالد سپہدار نصرت لوا
اسیطرح انٹی جوان گھس گئے … بحسرت مگر بیس باہر رہے
سبب یہ کہ فربہ تھے وہ نامور … نہ وان گھس سکے تھے جگہ تنگ تر
سپہدار شیدائے رب العلےٰ … اور انٹی دلیران نصرت لوا
جو پہونچے قلعہ مین تو ٹھہرے رہے … گئی رات زائد تو وانسے اُٹھے
بڑھے پر دبے پانون اور یون چلے … نہ دیکھے کوئی اور نہ پہچان لے
گئے نیچے نیچے ہی دیوار کے … در قلعہ تک جب پہونچ سب گئے
یہ دیکھا مقفل ہے قلعہ کا در … لیا کھول حکمت سے اُسکو مگر
نگہبان تھے بیہوش سب نشہ مین … کیا قتل اسطرح چٹ پٹ اُنھین
کہ اپنی جگہ سے نہ کوئی ہلا … جہان جو پڑا تھا پڑا ہی رہا
لکھا ہے کہ تھے ساٹھ دربان جہان … ہوے سب تہ تیغ و بیجان وہان
چڑھے جاکے دیوار پر وہ سبھی … دیے کھول گھونگٹ کے دروازے بھی
کہ سب کنجیان وانسے تھی لیچکے … جو دروازے گھونگٹ کے وا کردیئے
لگے کہنے تکبیر و تہلیل سب … تو وہ شہسواران ملک عرب
گھسے قلعہ مین اور شمشیر تیز … چلی خوب کی دشمنون نے گریز
وہ انٹی جوان تیغ عریان بکف … لگے قتل کرنے انھین ہر طرف
نگہبان سپاہی جو تھے برج پر … ہوے سب تہ تیغ تازی گہر
جو بطریق انکا نگہبان تھا … اُٹھا اور لڑا اور مارا گیا
مکبر ہوئے سب درون و برون … لگا گونجنے گنبد نیلگون
زبانون پہ ذکر اور ہاتھون مین تیغ … پئے قتل اعدا ہر اک بیدریغ
یون ہین ذکر کرتے وہ نصرت تزک … کہ اک دم مین جا پہونچے بازار تک
چلی اسطرح وان پہ تیغ دو دم … ہوا خوب آباد ملک عدم
اسی حال مین اک مسلمان گروہ … چلا سوئے قصر شہ باشکوہ
جو آیا مقابل مین تلوار کے … گرایا اُسے خاک پر مار کے
پڑا شہر مین ہر طرف تہلکا … کہ سب شہر زیر و زبر ہوگیا
اگرچہ نہ تھی تاب اُن مین مگر … مقابل ہوئے لیکے تیغ و سپر
غضب تھی مگر تیغ تیز عرب … کہ مارے گئے وہ وہین سب کے سب
ہوے اہل ایمان بھی اُنسے شہید … گئے شاد و خندان بقرب حمید
ہوا جب یہ معلوم بطلوس کو … گھسے شہر مین غازی جنگ جو
چلے آتے ہین قتل کرتے ہوئے … ہے ہر ایک شمشیر کھینچے ہوے
یہ سمجھا نہین جنگ کی اب مجال … لیا جلد پگڑی کو گردن مین ڈال
ہوا قصر دولت سے اپنے روان … زبان پر روان الامان الامان
جو تھے اسکے ہمرہ امیر و وزیر … مصاحب و ہمراز و ہمدم مشیر
اُنھون نے بھی ویسی ہی اُسدم کیا … کہ تھا خوف ہر ایک کو جان کا
کیا سیف حق نے نہ کچھ التفات … کہ آئے تہ تیغ وہ بدصفات
پکڑ لائے بطلوس کو کھینچکے … اور اُس سے وہ اسطرح کہنے لگے
کہ ای دشمن داورِ داوران … یقینی نہ دینگے تجھے ہم امان
ولیکن مسلمان ہو تو اگر … امان دین تجھے تا رہے بے خطر
ہوے قید بطریق وان اور بھی … سپاہی بھی اور مردمان اور بھی
غرض تیغ سے انکی جو بچ گیا … گرفتار فوراً اُسے کرلیا

کہا کون ہے خویش تیرا بیان
ولیکن ہلائی نہ اُسنے زبان

کہا پھر کہ لے آب اور کر وضو
جو عاجز ہوا وہ کہا تب کہ تو

نماز اب تو پڑھ کر بتا اے جوان
کہ کیسے ادا کرتے ہین مومنان

ادا ہو سکی جب اُس سے نماز
لگے مارنے اُسکو وہ سرفراز

کیا اُسنے گھبرا کے اقرار یون
کہ بطلوس کا مین بھی جاسوس ہون

سوا میرے جاسوس ہین اور بھی
کہ نکلے تھے ہم تین سوای جری

اُنھون نے وہین قتل اُسکو کیا
ہوا بند اُنکے لیے راستا

سنو اس جگہ واقدی خوش نصیب
بیان کرتا ہے یہ حکایت عجیب

سپہدار کا خادم با صلاح
تھا لشکر مین کہتے تھے اُسکو فلاح

پکاتا تھا ہر روز دو روٹیان
مگر جو کی ہوتی تھین دو روٹیان

اور اُٹھ وہین آپ کھاتا تھا ایک
اُنھین ایک رکھتا تھا وہ مرد نیک

کہ افطار کے بعد وہ کامران
وہی ایک نان کرتے تھے نوش جان

ہوئی تین دن اسطرح واردات
کہ خیمہ مین آکر وہ قدسی صفات

جہان نان رہتی تھی وہان دیکھتے
نہ پاتے تھے خاموش ہی رہتے تھے

لکھا ہے کھجورین تھین کچھ اُنکے پاس
کہ کھاتے تھے اُنہین سے وہ حق شناس

غرض تین دن مین کھجورین تمام
سپہبد نے کھائین بجائے طعام

کہا چوتھے دن اپنے خادم سے یون
کہ غافل ہے تو اسقدر مجھسے کیون

خدا نے یہ قرآن مین فرمادیا
جسے ہم نے ذی جسم پیدا کیا

وہ کھائیگا لابد ہمیشہ طعام
وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا لَا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ
نہین شبہ کا اُسمین ہرگز مقام

تجھے تین دن ہو گئے اے جوان
کہ تو نے پکائی نہین روٹیان

یہ کی عرض اُسنے کہ سردار من
پکاتا ہون ہر روز دو بے سخن

جو چھینکا ہے خیمہ مین اے دلفروز
اُسی مین تو رکھتا ہون اک نان روز

سپہدار نے اُسکو پاسخ دیا
کہ ہے کوئی اسرار اسمین بڑا

تو خیمہ کے پیچھے ہی ہو کر نہان
یہ معلوم کر کون آتا ہے یان

سحر گہ بدستور وہ نامدار
گئے سوے میدان جو ہو کر سوار

فلاح رض دلاور نے دو روٹیان
پکائین اور اک جا کے رکھدی وہان

گیا چھپ اور آیا وہان ایک سگ
کلان اور فربہ بہت تیز تگ

اور آتے ہی خیمہ مین اک جست کی
وہ روٹی دبا اُسنے جب منھ مین لی

نہ ٹھہرا رہا شہر کو چلدیا
غلام سپہدار پیچھے ہوا

لکھا ہے کہ زیر فصیل ایک نہر
تھی قبلہ کے جانب سے باب شہر

کہ مشہور تھا باب بحری وہ باب
اُسی مین سے آتا تھا دریا کا آب

درون حصار اور اُس شہر مین
وہ کتا در آیا فم نہر مین

اور اُس جا کو یہ دیکھکر آ گیا
سپہدار کو جلد آگہ کیا

ذرا سا سو غور کی ہے یہ جا
ہے سردار خالد کا وہ مرتبا

کہ ہین فاتح روم اور مصر و شام
رہے فتحمند و مظفر مدام

ہوئی بارگہ اُنکی عالم پناہ
جہان تا جہان تھا بزیر کلاہ

گران تا گران اُنکے زیر علم
کلید ظفر اُنکی تیغ دودم

کمی تھی نہ کچھ جاہ و اقبال کی
نہ زر کی نہ خدام نہ مال کی

نہ تھا ساز و سامان عشرت بھی کم
فراوان تھی دولت فراوان نعم

جو اقبال و حشمت تھی حاصل اُنھین
نہ کسری و قیصر کو ہو خواب مین

ولے حال یہ تھا کہ نان جو ین
سدا نوش کرتے تھے وہ پاک دین

نہ تھی جاہ و دولت کی پروا اُنھین
کہ مرغوب دل تھی نہ دنیا اُنھین

بجز اسپ و شمشیر اور خود کے
کوئی اور سامان رکھتے نہ تھے

تکلف کا کچھ بھی نہ سامان تھا
نہ دیوان خانہ نہ دربان تھا

نہین دولت دنیوی کو قرار
کہ دنیا ہے اسکی ہے نا پائدار

رہے کسطرح سبز یہ بوستان
کہ توام ہے اسمین بہار و خزان

فنا عشق مین ہو جو اللہ کے
نظر کب بھلا ماسوی پر کرے

جسے چشم دل سے نہ آئے نظر
رہے حب دنیا مین وہ کور و کر

ہوئے خالد آگہ جو اُس حال سے
کہا چل مرے ساتھ تلا مجھے

گئے اور بخوبی اُسے دیکھکر
پلٹ آئے لشکر مین وہ نامور

اُسیوقت سب افسر با صفا
بلائے اور اُنسے کہا ماجرا

کہ اب یہ تمنا ہے اے دوستو
کہ اک سو جوان میرے ہمرہ چلو

بعون خدا ڈر کو خالی کرین
فم نہر سے اُسکے اندر گھسین

ہوا ہمیہ بے شک یہ فضل اِلٰہ
ملی غیب سے ہمکو قلعہ کی راہ

سوا اُنکے پھر چیدہ چیدہ سوار
رہین مستعد نزد باب حصار

کہ جسوقت ہم باب کو کھولدین
دلیرانہ گھس آئین وہ قلعہ مین

اگر اب ہے منظور رب العلی
تو یہ قلعہ مفتوح ہو جائیگا

گیا پھر وہانسے سوے بارگاہ
ہوے جمع سب افسران سپاہ
سو انکے جو خیرخواہ اسکے تھے
وہ سب ملکے شوری یہ کرنے لگے

کہ کیا دین اب ان ناجرونکو سزا
کہ جرم انپہ ثابت ہوا ہی بڑا
ہوے متفق اسپہ وہ بدگہر
کہ لیجاکے قلعہ کی دیوار پر

انھین سولی دینا ہی اب چاہیے
کہ عبرت ہو بس اس سے سب کے لیے
سحرگاہ دی انکو سولی وہان
ہوے سخت اندوہ گین مومنان

لٹکنے دیا انکو اک روز و شب
کہ دیکھا کرین پر دلان عرب
ہوا دوسرا دن تو سر کاٹکر
دیے پھینک سمت مجاہد حشر

تو سردار غانم انھین دیکھ کے
سپہدار خالد سے کہنے لگے
یہ ذمی ہمارے ہین ای خوش لقا
کہ بطلوس نے قتل انکو کیا

فرمان امیرالمومنین بنام عمروؓ عاص باستفسار احوال سپہدار خالد ابن ولید

یہ کہتا ہی بیان راوی خوش سیر
کہ سلطان عالم جناب عمرؓ
شب و روز رہتے تھے اس فکر مین
کہ خالد مظفر ہون اور ہم نشین

نہ کچھ چند روز انکی آئی خبر
پریشان ہوے تب جناب عمرؓ
کیا ایک فرمان عالی رقم
بنام عمرو عاص والا حشم

کہ از پیشگاہ خلافت پناہ
وہ تھے مصر کے ملک کے بادشاہ
پس از حمد و نعت رسول آلہ
یہ جان ای عمروؓ عاص نصرت پناہ

کہ عرصہ سے آیا نہین خط ترا
پریشان ہین ہم کہ باعث ہی کیا
خیال مسلمان سپہ نیک پے
بہت ہمکو رہتا شب و روز ہی

نہین ہی جو معلوم خالد کا حال
اسی سے زیادہ ہی فکر و ملال
نہ ہو دیر زنہار تحریر مین
سب آجائین اخبار تحریر مین

یہ عادت ہی تیری تو ای خوش سیر
قلم بند کرتا نہین کچھ مگر
مسلمان منصور ہوتے ہین جب
مع خمس آتی ہی تحریر تب

ضرورت مدد کی جو خالد کو ہو
امین بو عبیدؓ جو ہین نیک خو
سپہدار فرمانده ملک شام
رعایا نواز اور خوش انتظام

انھین ہم نے لکھا ہی تو لکھ انھین
روانہ مدد کو وہ لشکر کرین
جو تھے خاتم سید المرسلین
سلیمان کی خاتم سے بہتر کہین

لگایا اسے نامۂ پاک پر
کیا بند لیکر اسے نامہ بر
چلا مصر مین جاکے سونپا انھین
ہوا شاد قاصد جو دیکھا انھین

عمروؓ نے پڑھا اسکو اور ایک خط
جہان پہلوان کو لکھا اس نمط
ضرورت مدد کی ہو گر آپ کو
لکھو بو عبیدہ کو اور انسے لو

کہ ہی یون ہین ارشاد حضرت عمرؓ
جو ہین سرور مومنان دادگر
یہ لکھکر خلیفہ کا فرمان جو تھا
اسے ساتھ اسکے لفافہ کیا

دیا بھیج دونون کو خالد کے پاس
تو پڑھتے ہی انکو وہ بے خوف و یاس
لگے کہنے ہمکو خدا کے سوا
کسیکی مدد کی نہین التجا

بدستور دو ہین رہے خیمہ زن
بصد فر و جاہ و بصد انجمن
ہوے قلعہ پر بار ہا حملہ گر
ولیکن نہ اعدا پہ پائی ظفر

جنائین بہت اہل ایمان گئے
اور انعام مولا سے راضی ہوے
کہ اولونکے مانند سنگ و خدنگ
برستے تھے قلعہ سے ہنگام جنگ

قتل مخبر بطلوس ملنا راہ قلعہ کی بسبب ایک کتے کے اور فتح قلعہ و جان بخشی بطلوس

لکھا ہی کہ سالار غانم دلیر
سر سرفرازان و آفاق گیر
سپہدار کے پاس اک دن گئے
کیا مشورہ اور یہ کہنے لگے

کہ قلعہ جو مفتوح ہوتا نہین
تو اس سے یہ ہوتا ہی ہم کو یقین
کہ جاسوس بطلوس اس فوج مین
ضرور آتے ہین اور جاکر انھین

ہمارا جو کچھ عزم ہوتا ہی یان
خبر اسکی دیتے ہین بیشک وہان
وہ سب مستعد ہوکے کرتے ہین جنگ
لگاتے ہین ہمپر خدنگ اور سنگ

ہوئی گفتگو یہ جو انمین بہم
تو دونون وہ سردار عالی ہمم
اٹھے اور فضل ابن عباس بھی
زیاد اور مقداد و مرد جری

ہوے راہوار و نپہ فوراً سوار
پھرے گرد افواج نصرت شعار
تو انکو عرابی اک آیا نظر
کہ تھا مخبر آیا تھا بہر خبر

ذرا دور لشکر کے اخیام سے
وہ بیٹھا تھا کمل بچھائے ہوے
اور اس شخص کو اجنبی دیکھکر
ہوے ترزبان خالد نامور

بتا ہمکو ای شخص اپنا پتا
کہ ہی کس قبیلے کا اور قوم کا
جو اسنے دیا کچھ نہ انکو جواب
تو سردار غانم نے اس سے شتاب

سحرگاہ جب مہر عالم فروز
شعاعی لیے نیزۂ کینہ توز

بڑھا اپنے ابلق پہ ہوکر سوار
کیا فوج ظلمت نے اُس سے فرار

بڑھی اسطرح فوج اعدا شکن
سمندر ہو جس طرح سے موج زن

رہے قلعہ مین بند اعداے دین
ولیکن ہوے گرم پیکار و کین

کہ برجون پہ چڑھ چڑھ کے خانہ خراب
لگے مارنے منجنیق و نشاب

ہوا پر تھے پران ہزارون عقاب
کہ کثرت سے اُنکی چھپا آفتاب

اور آکر وہ ہر برج و دیوار پر
ہوے جمع کرنے لگے شور و شر

بلند اُنکے آگے صلیب و نشان
لگے پڑھنے انجیل انجیل خوان

فلک پر گیا کوس و قرنا کا شور
کہ ہر سو بجاتے تھے وہ تیرہ ہور

ادھر سے دلیران نصرت اثر
بڑھے حصن پر ہوکے سینہ سپر

کہ جا پہونچے اک آن مین تا حصار
لگی ہونے اسطرح وان کارزار

کہ پردہ نشینان خلد برین
جمائے ہوئین تھین نگاہین وہین

یہ کہتی تھین آپس مین سب شادکام
کہ غازی چڑھا کر شہادت کے جام

جو آئین تو ہو وصل اُنکا ہمین
کہ ہے مدتون سے تمنا ہمین

وہ دیکھو فلانی کے جاگے نصیب
کہ آیا بغل مین وہ اُسکا حبیب

وہ دیکھو بلاتی ہے جام شراب
وہ دیکھو ہوئی وہ بھی اب کامیاب

سنبھالے ہوے کوئی غازی کمند
کہ چڑھ جاوین بالاے حصن بلند

کوئی نردبان لیکے جھپٹا ادھر
کہ چڑھ جاؤن سیدھا ابھی قلعہ پر

کماندار جو مارتے تھے خدنگ
چراتے تھے آنکھین وہ بے نام و ننگ

سناجیق کرکے نصب اک گروہ
گرانے لگا قلعۂ باشکوہ

اسیطرح دن بھر وہ دونون قشون
لڑے خوب اُسدن درون و برون

نہ کوشش سے قاصر رہے زینہار
یہ تھے قلعہ گیر اور وہ قلعہ دار

سر شام پلٹے وہ نصرت ہوا
مگر دل مین ہر اک کے غصہ بھرا

یہ حسرت رہی اور یہی آرزو
کہ میدان مین ہوتے عدو جنگجو

لکھا ہے کہ پھر وہ ہوے تنگ دل
کہ تھے بند رہنے سے بس مضمحل

لگے کہنے شہ سے نہین صبر اب
کہ قلعہ مین گھبرا گئے لوگ سب

خفا ہوکے اُسنے یہ پاسخ دیا
نہ بیدل ہو صابر رہو تم ذرا

کرون ایسی تدبیر اب مین شتاب
کہ بے شبہ اعدا یہ ہون کامیاب

گذرا اسکو بھی جبکہ عرصہ گیا
اور اسکا اثر کچھ نہ ظاہر ہوا

تو سب اہل بازار و باقی عوام
گئے پاس توما کے باازدحام

وہ بطریق تھا پر دل و شہ سوار
حراست مین اک اُسکے باب حصار

کہا ہم تو گھبرا گئے شہر مین
کہ اسطرح محصور کب تک رہین

تری نذر کرتے ہین یہ مال و زر
یہی آرزو ہے کہ تو کھول در

کہ اعراب سے جاکے لائین امان
تو منظور اُسنے کیا بیگمان

لکھا ہے کہ دو سو وہ تجار تھے
کہ وہ رات کو فوج دین مین گئے

سپہدار خالد کے آئے حضور
بیان کردیا حال سب بقصور

یہ کی عرض اب ہمکو دیجے امان
کہ عاجز ہین ہم لوگ اے کامران

سپہدار بولے کہ اچھا مگر
یہ ہے شرط دو کھول قلعہ کا در

کہ گھس جائین اُسمین دلیران دین
ہمارے ہے قبضہ مین حصن حصین

کہا سب نے اے سرور نامور
فلانوقت ہم کھول دیوینگے در

اُسیوقت نام اُنکے سب لکھ لیے
وہ رخصت ہوے اُنسے اندر گئے

لکھون حال توما کا بھی اب ذرا
کہ اُسکا برادر جو تھا ارمیا

چچازاد بھائی تھا وہ زشت خو
ہوے اہل شہر اُس سے جب چارہ جو

وہ بیٹھا تھا اُسوقت توما کے پاس
ہوا شاہ کا اُسکے دل مین جو پاس

پریشان ہوکر لرزتا ہوا
گیا شہ کے پاس اور سب کہدیا

ہوا اسقدر اُسکو رنج و الم
لگا پیٹنے اپنا مُنھ دمبدم

کہا حرفیانیل سے اے دلیر
اُسیوقت تیار ہو کر نہ دیر

ہزار آدمی اُسکے ہمراہ کیے
کہا جاؤ قلعہ سے باہر چلے

مگر جاؤ پوشیدہ اسطرح سب
کہ آگاہ ہو دین نہ اہل عرب

کیا تاجرون نے غضب کا فتور
مقید اُنھین کرکے لاؤ ضرور

پیا وہ ہی سب حکم بطلوس سے
بڑھے باب توما سے باہر گئے

معاہد وہ ہوکر پھرے تو انھین
وہین کھول کر در لیا شہر مین

کیا قید اور لے گئے شہ کے پاس
تو بس دیکھکر اُنکو وہ ناسپاس

ہوا اُنسے خوش اور اُنسے خفا
لگا کہنے یہ ہین ملامت سزا

دیا حکم چابک سے پیٹو ابھی
غریبون پہ تب مار پڑنے لگی

دیا ڈال مال اُنکا سب آگ مین
کہ کچھ فائدہ اب نہ یہ اس سے لین

ازان بعد بلوا کے توما کو پاس
کیا اُسپہ غصہ کہ ناحق شناس

یہ تیری سزا ہے مقید رہے
یہ کہکر کیا قید فوراً اُسے

مگر اپنے غالب تھے مردان دین　　ہوا پر رضائے خدائے برین
جو دیوار والون نے دیکھا یہ حال　　کہ غٹ پٹ ہین دونون سپہ بے مقال
تو آپس مین اسطرح کہنے لگے　　مناسب یہ ہے اب نہ پتھر چلے
یہ ہے احتمال اسمین اپنے ہی لوگ　　مرین اور ہو آخرش ہمکو سوگ
لیا روک سب نے وہان ہاتھ کو　　رہے دونون لشکر یہان جنگ جو
یہان پہلوان پھر جو پہونچے وہان　　ہوے اور بھی قتل و نیم جان
یہ کہتا ہے راوی صداقت نصیب　　کہ تیغ خدا گرد نصرت نصیب
لڑے یون نصاریٰ آ اُس جنگ مین　　کہین گرم ایسا نہ دیکھا اُنھین
کہ چلتی تھی شمشیر بران جدھر　　تو اولونکے مانند گرتے تھے سر
ضرار جوان مرد بھی یون لڑے　　جدھر جھک پڑے سر بہت گر پڑے
